پریس ریلیز

# شیل پاکستان نے برق کارپوریشن کو کوئٹہ میں لیوبریکنٹس کے لیے تقسیم کار مقرر کردیا

**کراچی، پاکستان، 30 جون، 2022:** شیل مسلسل گزشتہ 15 سالوں سے تیار کردہ لیوبریکنٹس کا ممتاز عالمی سپلائر ہے۔ پاکستان میں شیل لبریکنٹس نے برق کارپوریشن کو کوئٹہ میں اپنی مصنوعات کا تقسیم کار مقرر کیا ہے جس سے صارفین کو بھی سہولت حاصل ہو گی۔

شیل پاکستان کو کوئٹہ میں جامع رسائی اور ہمہ تن گوش کسٹمر کیئر یقینی بنانے کی غرض سے وسائل رکھنے والے اور ثابت شدہ تجارتی صلاحیتوں کے حامل ڈسٹری بیوشن پارٹنر کی ضرورت تھی۔ برق کارپوریشن کو انڈسٹری میں تین دہائیوں کا تجربہ حاصل ہے اور اسے متعدد اہم ایف ایم سی جی برانڈز کے آفیشل تقسیم کار کی حیثیت سے سیلز مینجمنٹ اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کا تجربہ بھی حاصل ہے۔ اس طرح برق کارپوریشن، ملک کے 23 شہروں میں، ویئرہاوسنگ کی جدید ترین سہولیات سے لیس ہے۔

اس بارے میں شیل لیوبریکنٹس کے جنرل مینیجر، زبیر شیخ نے کہا: ''برق کارپوریشن کے ساتھ ہمارا تعاون شیل لیوبریکنٹس کی رسائی کو وسعت دے گا جس سے ہمارے صارفین کا تجربہ بہتر بنانے میں مدد ملے گی اور اسی کے ساتھ ہمارے حقیقی اور اعلیٰ معیار کے لیوبریکینٹس کی مستعدی اور لاگت میں کمی بھی یقینی بنائی جاسکے۔ اگلے دو برسوں میں، شیل ملک بھر میں مزید 6,000 دیہاتوں اور 40,000 اضافی آؤٹ لیٹس قائم کرنے کے قابل ہو جائے گا تاکہ متعدد دیگر ایسے علاقوں اور طبقات میں مستقل صارف بنائے جاسکیں جہاں اب تک شیل کی مصنوعات دستیاب نہیں ہیں۔''

یہ شراکت ہمارے قابل قدر صارفین کو اپنی نوعیت کی بہترین خدمات کی فراہمی کے لیے شیل کے عزم کا ثبوت ہے۔

☆☆☆